| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: ____________<br><br>دستخط طالبہ: ____________ | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل<br>درجہ: **متوسطہ سال اول** پرچہ: **پہلا** مضمون: **دراسۃ القرآن**<br>تاریخ: **01-02-2025** دن: **ہفتہ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**<br>مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتشہ: ______ | KANZUL MADARIS BOARD |

# حصہ اول: معروضی
## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: زبور کس نبی علیہ السلام پر نازل ہوئی؟

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت عیسی علیہ السلام (ج) حضرت داؤد علیہ السلام (د) حضرت محمد ﷺ

سوال نمبر 2: قرآن پاک نازل ہونے کی ابتداء کس مہینے میں ہوئی؟

(الف) رمضان المبارک (ب) ربیع الاول (ج) شعبان المعظم (د) رجب المرجب

سوال نمبر 3: ابوالبشر۔۔۔ کو کہا جاتا ہے۔

(الف) حضرت نوح (ب) حضرت آدم (ج) حضرت موسی علیہم السلام (د) حضرت محمد ﷺ

سوال نمبر 4: قرآن پاک میں حضرت آدم علیہ السلام کا نام مبارک۔۔۔ مرتبہ آیا ہے۔

(الف) 12 (ب) 11 (ج) 25 (د) 26

سوال نمبر 5: اصحابِ کہف غار میں کتنا عرصہ سوتے رہے؟

(الف) دو سو پچاس سال (ب) نو سو سال (ج) تین سو نو سال (د) تین سو سال

سوال نمبر 6: دقیانوس بادشاہ تھا۔

(الف) ظالم و جابر (ب) عادل و نیک (ج) رحم دل و ملنسار (د) مغرور و متکبر

سوال نمبر 7: تمام فرائض میں سب سے اہم کام کونسا ہے؟

(الف) نماز (ب) روزہ (ج) حج (د) زکوۃ

سوال نمبر 8: باجماعت نماز پڑھنا تنہا نماز پڑھنے سے۔۔۔ افضل ہے۔

(الف) پچیس درجہ (ب) پچاس درجہ (ج) ستائیس درجہ (د) ستر درجہ

سوال نمبر 9: جب تک ہم مسجد میں رہیں گے فرشتے ہمارے لئے۔۔۔ کرتے رہیں گے۔

(الف) دعائے رحمت (ب) دعائے مغفرت (ج) دعائے برکت (د) دعائے صحت

سوال نمبر 10: نیک لوگوں کی صحبت سے۔۔۔ میں بہتری آتی ہے۔

(الف) ہمارے اخلاق (ب) ہمارے اعمال (ج) ہمارے معمولات (د) ہمارے کردار

سوال نمبر 11: کافر اور مؤمن میں سب سے بڑا فرق۔۔۔ کا ہے۔

(الف) نماز (ب) روزے (ج) حج (د) زکوۃ

سوال نمبر 12: التین کے معنٰی ہیں۔

(الف) انجیر (ب) انگور (ج) انار (د) کھجور

سوال نمبر13: نیک اعمال کرنا اور لمبی زندگی ملنا اللہ عزوجل کی بہت بڑی۔۔۔ ہے۔

(الف) نعمت (ب) رحمت (ج) برکت (د) فضیلت

سوال نمبر14: ید بیضاء۔۔۔کا معجزہ ہے۔

(الف) حضرت صالح (ب) حضرت عیسٰی (ج) حضرت موسٰی علیہم السلام (د) پیارے آقا ﷺ

سوال نمبر15: فرعون نے۔۔۔ ہونے کا دعویٰ کیا تھا۔

(الف) نبی (ب) ولی (ج) رسول (د) خدا

سوال نمبر16: نبیوں کو برا بھلا کون لوگ کہتے ہیں؟

(الف) بد بخت (ب) بد عقیدہ (ج) بد مذہب (د) کافر

سوال نمبر17: پیارے آقا ﷺ کا سب سے بڑا معجزہ۔۔۔ ہے۔

(الف) معراج شریف (ب) چاند کے دو ٹکڑے ہونا (ج) قرآن مجید (د) سورج کا واپس آنا

سوال نمبر18: نصیحت کرنے والے کو چاہیئے کہ۔۔۔ سے نصیحت کرے۔

(الف) صبر و ہمت (ب) نرمی اور پیار (ج) ادب و احترام (د) خوش اخلاقی

سوال نمبر19: انبیاء کرام کے معجزات دیکھ کر ایمان نہ لانا۔۔۔ کا طریقہ ہے۔

(الف) کفار (ب) یہودیوں (ج) عیسائیوں (د) مشرکین

سوال نمبر20: سب سے پہلے انسان ہیں۔

(الف) حضرت آدم (ب) حضرت عیسٰی (ج) حضرت موسٰی علیہم السلام (د) پیارے آقا ﷺ

سوال نمبر21: قرآن تقویٰ اختیار کرنے والوں کے لئے ہے۔

(الف) ہدایت اور نور (ب) رہنمائی اور نصیحت (ج) نصیحت اور ہدایت (د) ہدایت اور رہنمائی

سوال نمبر22: بے وضو قرآن مجید یا کسی آیت کو چھونا۔۔۔ ہے۔

(الف) حرام (ب) مکروہ (ج) گناہ (د) ناجائز

سوال نمبر23: کونسی آسمانی کتاب کی حفاظت کا ذمہ خود اللہ عزوجل نے لیا ہے؟

(الف) قرآن مجید (ب) زبور (ج) تورات (د) انجیل

سوال نمبر24: ۔۔۔۔۔ شیطانی صفت ہے۔

(الف) تکبر (ب) حسد (ج) جھوٹ (د) ظلم

سوال نمبر25: اصحابِ کہف کی تعداد ہے۔

(الف) سات (ب) آٹھ (ج) نو (د) گیارہ

درجہ: متوسطہ سال اول | پرچہ: پہلا | مضمون: دراسۃ القرآن

تاریخ: 01-02-2025 | دن: ہفتہ | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

# حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: سب سے پہلے جھوٹی قسم کس نے کھائی؟

سوال نمبر 2: اصحابِ کہف کون تھے؟

سوال نمبر 3: نماز کی اہمیت پر تین جملے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: سورۃ التین کو التین کہنے کی وجہ کیا ہے؟

سوال نمبر 5: معجزہ کسے کہتے ہیں؟ تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 6: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے قبطی کو کس کام سے روکا تھا؟

سوال نمبر 7: فرعونیوں سے عذاب کیسے دور ہوتا تھا؟

سوال نمبر 8: کیا تعداد میں کم لوگ زیادہ افراد کو شکست دے سکتے ہیں؟

سوال نمبر 9: جالوت اور اس کی قوم کے افراد کون تھے؟

سوال نمبر 10: کفار جہنم میں کتنا عرصہ رہیں گے؟

سوال نمبر 11: جنّات حضرت سلیمان علیہ السلام کیلئے کیا خدمات انجام دیتے تھے؟

سوال نمبر 12: اصحابِ کہف نے شہر چھوڑنے کا فیصلہ کیوں کیا تھا؟

سوال نمبر 13: شیطان کو تکبر کی کیا سزا ملی؟

سوال نمبر 14: فرعون بنی اسرائیل کے ساتھ کیا سلوک کیا کرتا تھا؟

سوال نمبر 15: اللہ تعالیٰ نے کس مقام پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نبوت عطا فرمائی؟

سوال نمبر 16: قرآن پاک کونسی زبان میں نازل ہوا؟ نیز قرآن پاک کے دو نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قرآن پاک کیوں نازل کیا گیا؟

سوال نمبر 18: شیطان لوگوں کو گمراہ کرنے کیلئے کہاں بیٹھتا ہے؟

سوال نمبر 19: کیا ہم چیونٹی کی آواز سُن سکتے ہیں؟

سوال نمبر 20: حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوّا رضی اللہ عنہا کو کس چیز سے بنایا گیا؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: قرآن پاک کی حفاظت کس کے ذمہ پر ہے نیز یہ بھی بتایئے کہ کیا قرآن پاک میں کمی بیشی ہو سکتی ہے؟

سوال نمبر 2: بیدروس بادشاہ کون تھا؟ نیز اُس کے دور میں لوگوں نے کس چیز کا انکار کیا تھا؟

سوال نمبر 3: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کوئی دو معجزات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: کامیابی کسے کہتے ہیں نیز کامیابی کیلئے کونسی چیزیں ضروری ہیں؟

سوال نمبر 5: درج ذیل الفاظ میں سے پانچ الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ابوالبشر | شیطان، آگ | فرشتے، سجدہ | جنت، درخت |
| ابلیس، جنوں | بے حیائی، لباس | جن، فساد | |

KANZUL MADARIS BOARD

رول نمبر: ____________

درجہ: متوسطہ سال اول | پرچہ: دوسرا | مضمون: الآداب الإسلامية

تاریخ: 03-02-2025 | دن: پیر | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

دستخط طالبہ: ____________

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: ______

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: حدیثِ پاک میں ہے کہ ۔۔۔۔ ایمان کا حصہ ہے۔

(الف) علم (ب) اعمال (ج) صفائی (د) اخلاق

سوال نمبر 2: زلفیں رکھنا مرد کیلئے کیا ہے؟

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مستحب

سوال نمبر 3: مسواک میں کتنی خوبیاں ہیں؟

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) دس

سوال نمبر 4: ناخن کس دن کاٹنے مستحب ہیں؟

(الف) جمعرات (ب) جمعہ (ج) ہفتہ (د) اتوار

سوال نمبر 5: رات کو سوتے وقت کیا استعمال کرنا سنت ہے؟

(الف) کنگھی (ب) سرمہ (ج) تیل (د) خوشبو

سوال نمبر 6: احادیثِ مبارکہ میں سرمہ لگانے کے کتنے طریقے بیان ہوئے ہیں؟

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

سوال نمبر 7: تیل لگانا کیا ہے؟

(الف) مستحب (ب) سنت (ج) مکروہ (د) منع

سوال نمبر 8: طہارت کے کتنے درجات ہیں؟

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر 9: کنگھی کو کب دھونا چاہیے؟

(الف) ہفتے میں ایک بار (ب) مہینے میں ایک بار (ج) سال میں ایک بار (د) کبھی نہیں

سوال نمبر 10: جب بھی مسواک کیجئے تو کتنی بار کرنی چاہیے؟

(الف) ایک بار (ب) دو بار (ج) تین بار (د) چار بار

سوال نمبر 11: برش کتنی دیر تک کرنا چاہیے؟

(الف) 30 سیکنڈ (ب) ایک منٹ (ج) دو منٹ (د) تین منٹ

سوال نمبر 12: اسلام میں کتنے دن کے اندر ناخن کاٹنے کا حکم ہے؟

(الف) چالیس دن (ب) پچاس دن (ج) ساٹھ دن (د) ستر دن

سوال نمبر13: رات کو ناخن کاٹنا کیسا ہے؟

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) مکروہ (د) منع

سوال نمبر14: عزت والے کاموں کو دائیں ہاتھ سے کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف) واجب (ب) سنت (ج) مستحب (د) مکروہ

سوال نمبر15: حدیثِ پاک میں ہے: بھلائی کے کام میں۔۔۔ کی جائے۔

(الف) سستی (ب) نرمی (ج) جلدی (د) تاخیر

سوال نمبر16: مسواک کی موٹائی کتنی ہونی چاہیے؟

(الف) شہادت کی انگلی کے برابر (ب) درمیانی انگلی کے برابر (ج) چھوٹی انگلی کے برابر (د) انگوٹھے کے برابر

سوال نمبر17: حدیثِ پاک میں ہے: اگر میری امت پر مشقت نہ ہوتی تو میں ان کو ہر۔۔۔ کے وقت مسواک کا حکم دیتا۔

(الف) نماز (ب) وضو (ج) غسل (د) تلاوت

سوال نمبر18: تیل لگانے سے پہلے کیا پڑھنا چاہیے؟

(الف) بسم اللہ (ب) الحمدللہ (ج) سبحان اللہ (د) اللہ اکبر

سوال نمبر19: ۔۔۔ کے بالوں پر اجنبی کی نظر نہ پڑے۔

(الف) مرد (ب) عورت (ج) بچے (د) سب

سوال نمبر20: صفائی سے۔۔۔ میں اضافہ ہوتا ہے۔

(الف) علم (ب) عمر (ج) عمل (د) وقار

سوال نمبر21: برش کا استعمال زیادہ سے زیادہ کتنے ماہ تک کرنا چاہیے؟

(الف) دو ماہ (ب) تین ماہ (ج) چار ماہ (د) پانچ ماہ

سوال نمبر22: حدیثِ پاک میں ہے: ۔۔۔ چیزیں فطرت میں سے ہیں۔

(الف) چھ (ب) سات (ج) دس (د) گیارہ

سوال نمبر23: داڑھی یا سر کے بالوں کو کس رنگ سے رنگنا مستحب ہے؟

(الف) کالے (ب) سرخ یا زرد (ج) سبز (د) نیلے

سوال نمبر24: ۔۔۔ کے برتن میں کھانا پینا افضل ہے۔

(الف) مٹی (ب) سونے (ج) چاندی (د) لوہے

سوال نمبر25: اُلٹے ہاتھ سے کھانا پینا۔۔۔ کا طریقہ ہے۔

(الف) انسان (ب) شیطان (ج) جنات (د) جانوروں

| | | | |
|---|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل | | رول نمبر: ________________ |
| | درجہ: **متوسطہ سال اول** | پرچہ: دوسرا | مضمون: **الآداب الإسلامیۃ** |
| | تاریخ: **03-02-2025** | دن: **پیر** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75** |
| | | | جوابی کاپی نمبر: ______________ |

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: زلفیں رکھنے کے سنت طریقے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: جوتا پہننے کے تین آداب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: بیت الخلاء میں جانے سے پہلے کی دعا تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: کھانا کھانے کے دوران کن کاموں سے بچنا چاہیے؟

سوال نمبر 5: پانی پینے کا طریقہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 6: پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو کونسا پانی پسند تھا؟

سوال نمبر 7: پانی پینے کے بعد بچے ہوئے پانی کا کیا کرنا چاہیے؟

سوال نمبر 8: اسراف کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 9: سلام کرنے والے اور جواب دینے والے پر کتنی رحمتیں نازل ہوتی ہیں؟

سوال نمبر 10: مصافحہ کی فضیلت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 11: گھر سے نکلتے وقت کی دعا تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: تیل لگانے کا سنت طریقہ کیا ہے؟

سوال نمبر 13: ہمارے پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح سوتے تھے؟

سوال نمبر 14: قرآن پاک میں لباس کے کتنے اور کونسے مقاصد بیان ہوئے ہیں؟

سوال نمبر 15: راستے کے تین آداب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: مہمان کے لئے کتنی باتیں ضروری ہیں؟

سوال نمبر 17: ایمان کی سب سے افضل اور سب سے اعلیٰ شاخ کیا ہے؟

سوال نمبر 18: گفتگو کی اہمیت پر ایک حدیثِ مبارکہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: خوشبو کب کب لگانی چاہیے؟

سوال نمبر 20: چھینک آنے پر کیا پڑھنا چاہیے اور سننے والے کو کیا جواب دینا چاہیے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: سرمہ لگانے کے بارے میں ایک حدیثِ مبارکہ اور سرمہ لگانے کے طریقے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: کھانا کھانے کے دس آداب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: احادیثِ مبارکہ میں کس لباس کو پہننے کا فرمایا گیا اور کس لباس سے منع فرمایا گیا؟

سوال نمبر 4: کلاس روم میں کن کاموں سے بچنا چاہیے۔ کوئی سے 10 کام بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: طالبِ علم کے 10 آداب تحریر کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخط طالبہ: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **متوسطہ سال اول** | پرچہ: **تیسرا** | مضمون: **الحدیث الشریف**

تاریخ: **04-02-2025** | دن: **منگل** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: ______

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: جنتیوں کو جنت میں سب سے پہلے کونسا کھانا دیا جائے گا؟

(الف) مچھلی کی کلیجی کا کنارہ (ب) مچھلی کا سر (ج) مرغی کی کلیجی (د) مرغی کی گردن

سوال نمبر 2: مسلمان وہ ہے جس کی ۔۔۔ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

(الف) زبان اور ناک (ب) زبان اور کان (ج) زبان اور ٹانگ (د) زبان اور ہاتھ

سوال نمبر 3: جو کسی مسلمان کی تکلیف دور کرے اللہ پاک ۔۔۔ کی تکالیف میں سے اس کی تکلیف دور فرمائے گا۔

(الف) نزع (ب) قبر (ج) قیامت (د) محشر

سوال نمبر 4: آدمی بوڑھا ہو جاتا ہے مگر اس میں کتنی خصلتیں جوان رہتی ہیں؟

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر 5: جو نماز عشاء جماعت سے پڑھے گویا اس نے ۔۔۔ رات قیام کیا۔

(الف) پوری (ب) آدھی (ج) تہائی (د) چوتھائی

سوال نمبر 6: ہمیشہ باوضو رہنے سے کیا چیز کشادہ کر دی جاتی ہے؟

(الف) عمر (ب) رزق (ج) اولاد (د) مال و دولت

سوال نمبر 7: جس پر رب مہربان ہوتا ہے اُسے کیا بنا دیتا ہے؟

(الف) خوش اخلاق (ب) نرم دل (ج) شفیق (د) عاجزی کرنے والا

سوال نمبر 8: وعدہ ایک قسم کا ۔۔۔ ہے۔

(الف) نفع (ب) نقصان (ج) قرض (د) امانت

سوال نمبر 9: کیا چیز رب کے غضب کو بجھاتی ہے؟

(الف) نماز (ب) حج (ج) روزہ (د) صدقہ

سوال نمبر 10: جس سے مشورہ لیا جائے وہ کیا ہوتا ہے؟

(الف) وفادار (ب) امین (ج) مؤمن (د) وعدے کا پابند

سوال نمبر 11: جو جمعہ کے دن 80 بار درودِ پاک پڑھے اُس کے کتنے سال کے گناہ معاف ہوں گے؟

(الف) آٹھ (ب) اسّی (ج) آٹھ ہزار (د) آٹھ سو

سوال نمبر 12: حدیثِ مبارکہ میں دنیا کو کیا فرمایا گیا؟

(الف) مذموم (ب) ملعون (ج) مہجور (د) مجہول

سوال نمبر13: پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم پر درودِ پاک پڑھنا۔۔۔پر نور ہے۔

(الف) میزان (ب) پُل صراط (ج) حوضِ کوثر (د) قبر

سوال نمبر14: جو نرمی سے محروم رہا وہ ہر۔۔۔سے محروم رہا۔

(الف) بھلائی (ب) خوبی (ج) سختی (د) خوشی

سوال نمبر15: ۔۔۔کا سونا رزق کو روکتا ہے۔

(الف) صبح (ب) دوپہر (ج) عصر (د) مغرب

سوال نمبر16: جو اللہ کیلئے دے اور اللہ کیلئے روکے اُس نے اپنی کیا چیز مکمل کر لی؟

(الف) ایمان (ب) دین (ج) عُمر (د) رزق

سوال نمبر17: کامل مؤمن وہ ہے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے وہی مسلمان بھائی کیلئے۔۔۔ کرے۔

(الف) ناپسند (ب) پسند (ج) خواہش (د) تمنّا

سوال نمبر18: جس شے میں شک ہو اس کو کیا کرنا چاہیے؟

(الف) چھوڑ دینا چاہیے (ب) اس سے دور رہنا چاہیے (ج) دیکھ لینا چاہیے (د) خرید لینا چاہیے

سوال نمبر19: کتنی خصلتیں مؤمن میں جمع نہیں ہو سکتیں؟

(الف) دو (ب) چار (ج) آٹھ (د) دس

سوال نمبر20: حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنھم اجمعین ۔۔۔کے سردار ہیں۔

(الف) جنتی جوانوں (ب) جنتی بوڑھوں (ج) جنتی بچوں (د) ان تمام

سوال نمبر21: مصیبت میں دعا مانگنا اور راحت میں رب سے غافل ہونا کیا کہلاتا ہے؟

(الف) غفلت (ب) خود غرضی (ج) لاپرواہی (د) سستی

سوال نمبر22: سخت دل میں کسی کا۔۔۔اثر نہیں کرتا۔

(الف) وعظ (ب) کلام (ج) مشورہ (د) ڈانٹنا

سوال نمبر23: جو شخص کسی کو نیکی کا راستہ بتائے گا تو اسے کتنا ثواب ملے گا؟

(الف) آدھا (ب) برابر (ج) تہائی (د) چوتھائی

سوال نمبر24: کس غزوہ کے مالِ غنیمت میں سے غلام نے چادر بطورِ خیانت دبالی تھی؟

(الف) غزوہ احزاب (ب) غزوہ خیبر (ج) غزوہ تبوک (د) غزوہ بدر

سوال نمبر25: جو نماز۔۔۔جماعت سے پڑھے گویا اس نے پوری رات قیام کیا۔

(الف) فجر (ب) ظہر (ج) مغرب (د) عشاء

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **متوسطہ سال اول** | پرچہ: **تیسرا** | مضمون: **الحدیث الشریف**

تاریخ: **04-02-2025** | دن: **منگل** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: والدین کی قبر پر حاضری کی فضیلت تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 2: فرمان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم: "تم میں سے کوئی کامل مؤمن نہیں ہو سکتا جب تک کہ میں ۔۔۔" حدیث مبارکہ مکمل فرمائیے۔

سوال نمبر 3: نیکی کا راستہ بتانے کی کیا فضیلت ہے؟

سوال نمبر 4: "جس شے میں شک ہو اس کو چھوڑ دے اور اس کو اختیار کر لے جس میں شک نہیں" حدیث مبارکہ کی وضاحت فرمائیے۔

سوال نمبر 5: مسجد میں ہنسنے کی وعید تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 6: غنا سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 7: حدیث مبارکہ کی روشنی میں پہلوان کون ہے؟

سوال نمبر 8: اللہ پاک کس شخص کو پسند فرماتا ہے؟

سوال نمبر 9: کتنی خصلتیں مؤمن میں جمع نہیں ہو سکتیں؟ اور وہ کونسی ہیں؟

سوال نمبر 10: تحفہ دینے کی فضیلت تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 11: فرائض کے بعد سب سے افضل عمل کونسا ہے؟

سوال نمبر 12: عصر سے پہلے چار رکعتیں پڑھنے کی فضیلت اور انکی وضاحت تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 13: نماز پڑھتے ہوئے کیا گمان ہونا چاہیے؟

سوال نمبر 14: فرمان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم: "بے شک صدقہ رب کے غضب کو بجھاتا اور بری موت کو دفع کرتا ہے" حدیث مبارکہ کی وضاحت فرمائیے۔

سوال نمبر 15: گانے سننے کا کیا عذاب ہے؟ بیان فرمائیے۔

سوال نمبر 16: معاملات میں آسانی فراہم کرنے کی فضیلت تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 17: آدمی کے گنا ہگار ہونے کے لئے کیا کافی ہے؟

سوال نمبر 18: اچھی بات کہنے کی فضیلت اور زیادہ ہنسنے کا عذاب بتائیے۔

سوال نمبر 19: ہمیشہ باوضو رہنے کی فضیلت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 20: حدیثِ مبارکہ میں کس پر لعنت فرمائی گئی؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: فرمان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم: "پانچ سے پہلے پانچ کو غنیمت جانو" حدیثِ مبارکہ سے کیا مراد ہے؟ وضاحت فرمائیے۔

سوال نمبر 2: "زم زم جس مراد کے لئے پیا جائے اُسی کیلئے ہے" اس حدیثِ مبارکہ کی شرح بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: حدیثِ مبارکہ میں ہے: "تم میں سے کوئی مؤمن نہیں ہو سکتا یہاں تک کہ اپنے بھائی کیلئے وہی پسند کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے" حدیثِ مبارکہ کی شرح بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: حدیثِ مبارکہ کے مطابق بتائیے کہ کس شخص نے اپنا دین مکمل کر لیا؟

سوال نمبر 5: حدیثِ پاک میں ناغہ کرکے ملنے کے بارے میں کیا فرمایا گیا اور بتائیے کہ خیر کو کہاں تلاش کیا جائے اور آدمی کے حسنِ اسلام میں سے کیا ہے؟

رول نمبر: ____________

دستخط طالبہ: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **متوسطہ سال اول** | پرچہ: **چوتھا** | مضمون: **التربیۃ الإسلامیة**

تاریخ: **06-02-2025** | دن: **جمعرات** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتشہ: ______

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: اللہ عزوجل نے سب سے زیادہ علم و اختیار کس نبی کو عطا فرمایا؟

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (ج) حضرت یونس علیہ السلام (د) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سوال نمبر 2: روزہ کس ماہ میں فرض ہوا؟

(الف) شوال المکرم (ب) رجب المرجب (ج) ربیع الاول (د) شعبان المعظم

سوال نمبر 3: روزہ رکھنے سے آدمی۔۔۔۔ ہو جاتا ہے۔

(الف) بیمار (ب) سُست (ج) صحت مند (د) کمزور

سوال نمبر 4: وحی کو انبیاء علیہم السلام تک پہنچانے والے فرشتے کا نام کیا ہے؟

(الف) حضرت عزرائیل (ب) حضرت اسرافیل (ج) حضرت جبرائیل (د) حضرت میکائیل علیہم السلام

سوال نمبر 5: لوگوں کی اچھائیاں اور برائیاں لکھنے والے فرشتوں کے کیا نام ہیں؟

(الف) منکر نکیر (ب) مالک و رضوان (ج) حضرت جبرائیل و اسرافیل (د) کراماً کاتبین

سوال نمبر 6: خاتم النبیین کا معنی ہے۔

(الف) پہلے نبی (ب) پہلے رسول (ج) آخری نبی (د) آخری رسول

سوال نمبر 7: نماز دین کا/کی۔۔۔۔ ہے۔

(الف) عمارت (ب) بنیاد (ج) ستون (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے۔۔۔کے دو ٹکڑے فرمائے۔

(الف) پتھر (ب) چاند (ج) ستارے (د) درخت

سوال نمبر 9: حضرت موسیٰ نے پتھر پر عصا مارا تو۔۔۔ چشمے جاری ہوئے۔

(الف) گیارہ (ب) بارہ (ج) تیرہ (د) چودہ

سوال نمبر 10: توریت۔۔۔۔ پر نازل ہوئی۔

(الف) حضرت عیسیٰ (ب) حضرت موسیٰ (ج) حضرت یونس (د) حضرت خضر علیہم السلام

سوال نمبر 11: سب سے آخر میں کونسی آسمانی کتاب نازل ہوئی؟

(الف) تورات (ب) زبور (ج) انجیل (د) قرآن کریم

سوال نمبر 12: قرآن کی قبلہ رُخ تلاوت کرنا۔۔۔۔ ہے۔

(الف) واجب (ب) مستحب (ج) سنت (د) مستحسن

سوال نمبر13: عشرہ مبشرہ صحابہ کرام کو۔۔۔کی بشارت دی گئی۔

(الف)جنت (ب)دوزخ سے آزادی (ج)اللہ عزوجل کے دیدار (د)آقا ﷺ سے ملاقات

سوال نمبر14: نماز کی شرائط ہیں۔

(الف)پانچ (ب)چھ (ج)سات (د)آٹھ

سوال نمبر15:انجیل۔۔۔پر نازل ہوئی۔

(الف)حضرت موسٰی (ب)حضرت عیسٰی (ج)حضرت داؤد (د)حضرت یونس علیہم السلام

سوال نمبر16: حضرت نوح علیہ السلام کے زمانے میں دنیا۔۔۔سے غرق ہوئی۔

(الف)بارش (ب)قحط (ج)طوفان (د)آندھی

سوال نمبر17:قرآن میں سات سو مرتبہ۔۔۔کا حکم ارشاد فرمایا گیا۔

(الف)زکوٰۃ (ب)روزے (ج)حج (د)نماز

سوال نمبر18: نماز کے فرائض ہیں۔

(الف)سات (ب)آٹھ (ج)نو (د)دس

سوال نمبر19:قرآن کریم کی پہلی آیتِ مبارکہ کس غار میں نازل ہوئی؟

(الف)غارِ ثور (ب)غارِ حرا (ج)غارِ جرسان (د)غارِ حارۃ

سوال نمبر20: سیف اللہ (اللہ کی تلوار)۔۔۔کا لقب ہے۔

(الف)حضرت سعد (ب)حضرت خالد بن ولید (ج)حضرت عمر فاروق (د)حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہم

سوال نمبر21: سجدے کی تسبیح ہے۔

(الف)سبحان اللہ (ب)سبحان ربی العظیم (ج)الحمدللہ (د)سبحان ربی الاعلٰی

سوال نمبر22:آقا ﷺ نے چالیس سال کی عمر میں۔۔۔کا اعلان فرمایا۔

(الف)جنگ (ب)جہاد (ج)نبوت (د)رسالت

سوال نمبر23: کس نبی کے ایڑیاں رگڑنے سے آبِ زم زم کا چشمہ جاری ہوا؟

(الف)حضرت ابراہیم (ب)حضرت اسماعیل (ج)حضرت داؤد (د)حضرت ایوب علیہم السلام

سوال نمبر24:انگلی کے اشارے سے۔۔۔نے چاند کے دو ٹکڑے کیے۔

(الف)حضرت موسٰی (ب)حضرت یعقوب (ج)حضرت ایوب علیہم السلام (د)آقا ﷺ

سوال نمبر25:قرآن کریم کتنے عرصے میں نازل ہوا؟

(الف)اکیس سال (ب)بائیس سال (ج)تئیس سال (د)چوبیس سال

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل<br>درجہ: **متوسطہ سال اول** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **التربیۃ الإسلامیۃ**<br>تاریخ: **06-02-2025** دن: **جمعرات** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75** | رول نمبر: ______________<br>جوابی کاپی نمبر: ____________ |

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔(15x3=45)**

سوال نمبر 1: علم میں اضافے کی دعا تحریر کیجئے۔ (عربی دعا یا ترجمہ)

سوال نمبر 2: روزہ رکھنے کی فضیلت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: کرامت کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: کیا اذان فرض ہے؟ نیز نماز کی کتنی شرائط ہیں؟ صرف تعداد تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: سجدہ کتنی اور کون کونسی ہڈیوں پر کیا جاتا ہے؟

سوال نمبر 6: سلام کے کوئی سے تین آداب بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: تکبیرِ تحریمہ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 8: جمعہ کے دن ناخن کاٹنے کا کیا حکم ہے نیز دانتوں سے ناخن کاٹنا کیسا ہے؟

سوال نمبر 9: سرمہ استعمال کرنے کے منقول طریقے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: سب سے پہلے کونسی آسمانی کتاب نازل ہوئی؟

سوال نمبر 11: کوئی سے تین اولیاء کرام کے نام مع مزارات کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: مؤذنِ رسول کس صحابی کا لقب ہے؟

سوال نمبر 13: عشرہ مبشرہ کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 14: نماز پڑھنے کے کوئی سے تین فائدے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: قرآن کریم کے کل کتنے پارے اور کتنی سورتیں ہیں؟

سوال نمبر 16: رسول کسے کہتے ہیں نیز کیا رسول کیلئے انسان ہونا ضروری ہے؟

سوال نمبر 17: تلاوتِ قرآن کے دوران جماہی آجائے تو کیا کرنا چاہیے؟

سوال نمبر 18: کرامت کی کتنی اقسام ہیں؟ کوئی سی تین کرامات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: قرآن کریم کی تلاوت شروع کرنے سے پہلے کیا پڑھنا چاہیے؟

سوال نمبر 20: آقا ﷺ نے کس عمر میں اعلانِ نبوت فرمایا؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔(3x10=30)**

سوال نمبر 1: (الف) اللہ عزوجل کب سے ہے اور کب تک رہے گا؟

(ب) نماز نہ پڑھنے کے کوئی سے پانچ نقصانات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: وُضو کا طریقہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: (الف) نبی کی تعریف بیان کیجئے۔

(ب) قرآن کریم کو بلند آواز سے پڑھنا کیسا ہے؟

سوال نمبر 4: (الف) مسجد کے کوئی سے پانچ آداب تحریر کیجئے۔

(ب) وہ کونسے نبی ہیں جن کو آگ میں ڈالا گیا تو آگ ٹھنڈی ہوگئی؟

سوال نمبر 5: نماز کے فرائض تحریر کیجئے نیز کسی دو کی وضاحت کیجئے۔